# Regional Urdu Text Bulletin, Aurangabad.

Date: 10 October-2023

Time: 09:00-09:10 am

## آکاشوانی اورنگ آباد

علاقائی خبریں

تاریخ: ۱۰/اکتوبر ۲۰۲۳ء

وقت: ۹:۰۰-۹:۱۰

***** ***** *****

:::::: سرخیاں ::::::

پیش ہے خاص خبروں کی سرخیاں:

☆ ریاست کے 34 اضلاع میں سپر اسپیشلٹی اسپتال تعمیر کرنے کا وزیرِ اعلیٰ ایکناتھ شندے کا حکم۔

☆ پرلی ویجناتھ-گھرشنیشور اور سپت شُرنگی مقدس مقامات کے 531 کروڑ روپئے کے ترمیمی تخمینے کو منظوری۔

☆ ارکانِ اسمبلی کی نااہلی کے معاملے میں شیوسینا اور راشٹروادی کانگریس کی درخواستوں پر جمعے کو ایک ساتھ سماعت۔

اور ☆ اغواء زیادتی اور قتل کے جرم میں لاتور سیشن کورٹ کی جانب سے دو مجرموں کو تا حیات قید کی سزا۔

***** ***** *****

اب خبریں تفصیل سے:

ریاست کے 34 اضلاع میں تمام سہولیات سے آراستہ سپر اسپیشلٹی اسپتال تعمیر کرنے کا حکم وزیرِ اعلیٰ ایکناتھ شندے نے دیا ہے۔ صحت عامہ کے نظام سے متعلق کل منترالیہ میں منعقدہ ایک اجلاس سے وہ خطاب کر رہے تھے۔ دیہی علاقوں میں طبّی مشنری کو مستحکم کرنے کا حکم بھی وزیرِ اعلیٰ نے اس موقع پر دیا۔ آئندہ 15 دِنوں میں سکریٹریز پر مبنی کمیٹی کو نئے میڈیکل کالجوں کی اعانت سے اسپتالوں کی تعمیر سے متعلق رپورٹ تیار کرنے کی ہدایت بھی انھوں نے کی اور تیقن دیا کہ صحتِ عامہ پر اخراجات اگر دوگنا ہو جاتے ہیں تب بھی فنڈز کی کمی نہیں ہونے دی جائیگی۔ ایکناتھ شندے نے کہا کہ ریاست میں 25 مقامات پر سول ہاسپٹل از سرِ نو تعمیر کرنے کا فیصلہ کیا گیا ہے اور میڈیکل کالج کے قیام کے اعلان کے ساتھ ہی اس کے متوازی سول ہاسپٹل کی تعمیر کا کام بھی شروع کرنے پر اتفاق ہوا ہے۔

سال 2035 تک طبّی تعلیم کو مدِ نظر رکھ کر ریاست کیلئے ایک ہمہ گیر ویژن تیار کرنے کی غرض سے ماہرین کی کمیٹی تشکیل دینے کا عندیہ وزیرِ اعلیٰ ایکناتھ شندے نے دیا۔ انھوں نے ضلع کلکٹرز کو ہدایت کی کہ ضلع منصوبہ بندی میں سے ادویہ اور طبّی ساز و سامان خریدے جائیں گے۔ زندگی بچانے والی اور ضروری ادویہ علیحدہ ٹینڈرز طلب کر کے خریدے جائیں۔ محکمۂ صحت کے سرِ دست مصروفِ کار 8 سرکلز کے علاوہ مزید 9 سرکلز کے قیام پر فی الفور غور کیا جائے اور دیہی اور دور دراز کے علاقوں میں ٹیلی میڈیسن کے طریقۂ کار کو وسعت دینے کی بھی انھوں نے ہدایت کی۔

***** ***** *****

پرلی ویجناتھ-گھرشنیشور اور سپت شرنگی مقدس علاقوں کیلئے 531 کروڑ روپئے کی ترمیم شدہ تخمینے کو ریاستی حکومت نے منظوری دے دی ہے۔ بیڑ ضلع کے پرلی ویجناتھ جیوتیر لنگ کے ترقیاتی کاموں کیلئے 286 کروڑ 68 لاکھ، چھترپتی سنبھاجی نگر ضلع کے گھرشنیشور کیلئے 163 کروڑ، ناسک کے سپت شرنگی تیرتھ استھل کیلئے 81 کروڑ 86 لاکھ روپئے کو منظوری دی گئی۔

***** ***** *****

سابق وزیر اور شیوسینا رہنماء آدتیہ ٹھاکرے نے سوال اُٹھایا ہے کہ ناندیڑ' اورنگ آباد اور ناگپور کے سرکاری اسپتالوں میں بڑے پیمانے پر ہورہی اموات کے وقت حکومت کی جانب سے ادویہ خریداری کیلئے قائم کردہ خودمختار ادارہ درحقیقت کیا کررہا تھا؟ کل ناندیڑ کے سرکاری اسپتال کا دورہ کرنے کے بعد وہ اخباری نمائندوں سے گفتگو کررہے تھے۔ اس سے قبل آدتیہ ٹھاکرے نے کل صبح اورنگ آباد کے سرکاری میڈیکل کالج و اسپتال گھاٹی کا بھی دورہ کیا۔ اس موقع پر انھوں نے کہا کہ وہ صرف الزام تراشی پر نہیں بلکہ صورتحال سمجھنے کے بعد اس کا راستہ تلاش کرنے بھی قائل ہیں۔

***** ***** *****

ریاستی اسمبلی میں حزبِ اختلاف کے قائد وجے وڑیٹیوار نے کہا ہے کہ مہاوِکاس آگھاڑی کے دورِ اقتدار میں درجِ فہرست ذاتوں کے 24 اضلاع میں 30 مسابقتی امتحانی تربیتی مراکز شروع کیے گئے تھے۔ انھوں نے الزام عائد کیا کہ یہ تمام مراکز اب بند ہیں۔ وزیرِ اعلیٰ ایکناتھ شندے کو ارسال کردہ ایک مکتوب میں انھوں نے مطالبہ کیا کہ یہ مراکز دوبارہ فوری طور پر شروع کیے جائیں۔

***** ***** *****

شیوسینا اُدّھو باڑا صاحب ٹھاکرے پارٹی کے سربراہ اُدّھو ٹھاکرے نے پارٹی عہدیداروں کو ہدایت کی ہے کہ کسانوں کو فصل بیمہ معاوضے کی ادائیگی کیلئے ریاست بھر میں امدادی مراکز قائم کیے جائیں۔ کل بذریعۂ ٹیلی کانفرنسنگ اپنے پارٹی عہدیداروں سے گفتگو کرتے ہوئے انھوں نے اس جانب توجہ مبذول کروائی۔

***** ***** *****

ارکانِ اسمبلی کی نااہلی کے معاملے میں شیوسینا اور راشٹروادی کانگریس پارٹی کی درخواستوں پر آئندہ جمعہ کو عدالتِ عظمیٰ میں ایک ساتھ سماعت ہوگی۔ نااہلی سے متعلق اسمبلی اسپیکر کی جانب سے وقت ضائع کیے جانے کی این سی پی کی درخواست پر کل عدالتِ عظمیٰ میں سماعت ہوئی۔ این سی پی شرد پوار گروپ کے رہنماء جتیندر آوہاڑ نے بتایا کہ اس سماعت کے دوران عدالت نے یہ احکامات جاری کیے۔

***** ***** *****

این سی پی اجیت پوار گروپ نے اس الزام کا اعادہ کیا ہے کہ شرد پوار کی زیرِ صدارت راشٹروادی کانگریس میں جمہوری اقدار پر عمل نہیں کیا گیا۔ اس ضمن میں کل مرکزی انتخابی کمیشن میں سماعت ہوئی۔ اجیت پوار کی زیرِ قیادت پارٹی ہی حقیقی پارٹی ہونے اور ان کے پاس سب سے زیادہ ارکان کی حمایت حاصل ہونے کا دعویٰ اس گروپ نے کیا ہے۔ اس مقدمے کی آئندہ سماعت 9 نومبر کو ہوگی۔

***** ***** *****

جنوب وسطی ریلوے نے چار نئی ٹرینیں شروع کی ہیں۔ مرکزی وزیرِ سیاحت جی کشن ریڈی کل سکندرآباد ریلوے اسٹیشن پر قاضی پیٹھ تا پونا ریل گاڑی کو سبز جھنڈی دِکھا کر روانہ کیا۔ رائچور - ناندیڑ' کرنول - جے پور اور بودھن - کریم نگر ٹرینوں کا بھی کل سے آغاز ہوا۔

***** ***** *****

ایک خاتون کے اغواء' جنسی زیادتی اور قتل کے مقدمے میں لاتور سیشن کورٹ نے مہندر سنگھ چوہان اور سمیر کلاریکر کو عمر قید اور دیگر چار افراد کو تین برس قیدِ بامشقت کی سزا سنائی ہے۔ لاتور - تلجا پور راستے پر 23 مارچ 2014 کو یہ واردات ہوئی تھی۔ مرکزی تحقیقاتی ادارے سی بی آئی نے اس معاملے کی تحقیقات کرکے 30 ستمبر 2019 کو فردِ جرم عائد کی تھی۔

***** ***** *****

نابالغ لڑکی کے ساتھ جنسی زیادتی کے معاملے میں امباجوگائی سیشن کورٹ نے ملزم کو 20 برس قید اور پانچ ہزار روپئے جرمانے کی سزا سنائی ہے۔ اس شخص نے لیو اِن ریلیشن شپ میں موجود خاتون کی لڑکی کے ساتھ بھی ظلم کرنے کی بات سامنے آنے کے بعد یہ کارروائی کی گئی۔

***** ***** *****

واشم ضلع کے مالیگاؤں تعلقے میں واقع بورگاؤں ضلع پریشد اسکول کے استاد دلیپ سونونے کو پٹرول چھڑک کر آگ لگانے کا واقعہ رونماء ہوا ہے۔ پولس ذرائع نے اس واقعے کی وجہ شخصی تنازعہ قرار دیا ہے۔

***** ***** *****

ناندیڑ-ہنگولی قومی شاہراہ پر کامٹھا پھاٹے پر کل منسے کارکنوں نے ٹول ٹیکس کے خلاف احتجاجی مظاہرہ کیا۔ پولس نے ان مظاہرین کو حراست میں لیکر گاڑیوں کی آمدورفت بحال کی۔

بیڑ ضلع کے گیورائی تعلقے کے پاڈڑشنگی ٹول ناکے پر کل شب منسے کارکنوں نے جلاؤ، گھیراؤ اور توڑ پھوڑ کی۔ ہمارے نامہ نگار نے بتایا ہے کہ اس ضمن میں چند کارکنوں کو حراست میں لے لیا گیا ہے۔

***** ***** *****

ایک روزہ بین الاقوامی میچوں کے عالمی کپ کرکٹ ٹورنامنٹ میں کل حیدرآباد میں ہوئے ایک میچ میں نیوزی لینڈ نے نیدرلینڈ کو 99 رنوں سے شکست دے دی۔ آج اس ٹورنامنٹ میں دھرم شالہ میں انگلینڈ اور بنگلہ دیش کے مابین اور حیدرآباد میں پاکستان اور سری لنکا کے مابین میچ کھیلا جائیگا۔

***** ***** *****

انتخابی خواندگی کی تشہیر کیلئے کالجوں میں انتخابی خواندگی بورڈ قائم کرنے کی ضرورت کا اظہار لاتور ضلع کلکٹر ورشا ٹھاکر گھوگے نے کیا ہے۔ کل لاتور میں اس ضمن میں منعقدہ ایک اجلاس سے وہ خطاب کررہی تھیں۔ لاتور کے ضلع انتخابی افسر کے دفتر اور وی شرپ فاؤنڈیشن کے اشتراک سے ضلع کے ہر کالج میں انتخابی خواندگی بورڈ تشکیل دیا جائیگا۔

***** ***** *****

## ::::::سرخیاں::::::

**آخر میں اس بلیٹن کی خاص خبریں ایک بار پھر:**

☆ ریاست کے 34 اضلاع میں سپر اسپیشلٹی اسپتال تعمیر کرنے کا وزیرِ اعلیٰ ایکناتھ شندے کا حکم۔

☆ پرلی ویجناتھ-گھرشنیشوراور سپت شرنگی مقدس مقامات کے 531 کروڑ روپئے کے ترمیمی تخمینے کو منظوری۔

☆ ارکانِ اسمبلی کی نااہلی کے معاملے میں شیوسینا اور راشٹروادی کانگریس کی درخواستوں پر جمعے کو ایک ساتھ سماعت۔

اور ☆ اغواء وزیادتی اور قتل کے جرم میں لاتور سیشن کورٹ کی جانب سے دو مجرموں کو تاحیات قید کی سزا۔

***** ***** *****